آپ اپنی ہمیشگی کہاں گزاریں گے؟

آپ اپنی ہمیشگی کہاں گزاریں گے ؟

یہاں ایک پروفیسر کی کہانی ہے جو سیر کے لیے دیہاتی علاقے میں گیا اور اپنا رستہ کھو بیٹھا ۔ وہ ایک سڑک کے چوراہے پر پہنچا جہاں وہ ایک چھوٹے لڑکے جو اپنے کتے کے ساتھ تھا ملا ۔ ‹‹بیٹا ، یہ سڑک کہاں کو جاتی ہے ؟›› اُس نے کہا ۔›› میں نہیں جانتا ۔›› یہ سڑک کہاں جو جاتی ہے ؟›› میں نہیں جانتا ۔ ‹‹ ‹‹ اور یہ والی ؟›› ‹‹ میں نہیں جانتا ۔ ‹‹ اور یہ ؟›› ‹‹ میں نہیں جانتا ‹‹۔ تُو بیوقوف لڑکے ، تُو کچھ بھی نہیں جانتا !›› وہ آدمی چلایا ۔ اچھا ‹‹ اُس لڑکے نے کہا ، ‹‹ ایک چیز میں جانتا ہوں ۔ میں اُس طرح نہیں کھویا جس طرح آپ ہیں !›› دوست، یہاں آپ کے سامنے ہمیشگی ہے ۔ آپ ابدی زندگی کی طرف بڑھ رہے ہیں یا ابدی عذاب کی طرف ۔ بائبل کہتی ہے ‹‹ وہ وقت آتا ہے کہ جتنے قبروں میں ہیں اُسکی آواز سُن کر نکلیں گے ، جنہوں نے نیکی کی ہے زندگی کی قیامت کے واسطے اور جہنوں نے بدی کی ہے سزا کی قیامت کے واسطے››(یوحنا 5: 28، 29)۔

کیا آپ جانتے ہیں کہ آپ کہاں جا رہے ہیں ؟ کیا آپ جانتے ہیں کہ آپ کہاں اپنی

ہمیشگی کو بسر کر رہے ہیں ؟ اُس پروفیسر کی مانند ہو سکتا ہے آپ اِس زندگی میں بہت سی چیزوں کو جانتے ہوں ، آپ ہو سکتا ہے اِس زندگی کے بارے بہت سی چیزوں کو جانتے ہوں ، لیکن اِس سب کی مانند ، آپ یہ نہ جانتے ہوں کہ آپ موت کے بعد زندگی کے لیے کس طرف بڑھ رہے ہیں ۔ ہم زندگی کے بعد بچ نہیں سکتے ۔۔۔ اِس لیے زندگی کا انتخاب کیجیے »(استثنا 30 : 19)۔ اب ، یہاں یہ ہے کہ کیسے آپ اپنے معینہ مقام کو تلاش کر سکتے ہیں ، اور اپنی سمت کو اگر آپ اپنی منزل کو تبدیل کرنا چاہتے ہیں ۔ دُنیامیں قبر سے اُس پار دو اہم ریجن (علاقوں) میں سے ایک آسمان یا خدا کی بادشاہی ہے ۔ یہ نور اور روشنی کی سرزمین ہے ، کامل سلامتی اور خوشی کی سر زمین ۔ یہ خدا کی حضوری میں رہنے والی زندگی ہے اور اُن سب خوشیوں سے لطف اندوز ہونے جو وہ ہمارے لیے رکھتا ہے ۔ ایک عام انسان یہ

سب کچھ نہیں جان سکتا ، کیونکہ بائبل کہتی ہے ، « جو چیزیں نہ آنکھوں نے دیکھیں نہ کانوں نے سُنیں نہ آدمی کے دل میں آئیں وہ سب خدا نے اپنے محبت رکھنے والوں کے لیے تیار کر دیں « (1 کرنتھیوں 2 : 9) پھر کون خدا کی بادشاہی کے اِن بھیدوں کو جان سکتا ہے ؟ خدا کا کلام کہتا ہے « آسمان و زمین کے خداوند میں تیری حمد کرتا ہوں کہ تُو نے یہ باتیں داناوں اور عقلمندوں سے چھپائیں اور بچوں پر ظاہر کیں ۔»(متی 11 : 25)اور یہ «بچے» ہیں جو خدا کی بادشاہی میں داخل ہو سکتے ہیں (متی 18 : 3)۔ لہذا اے عزیز دوست ، اگر آپ اپنے بُلند اور زور آور برتاو سے نیچے آئیں گے اور عاجزی کے ساتھ خداوند یسوع کی طرف مڑیں گے ، تو آپ دیکھیں گے کہ کتنی عظیم چیزیں ہمیشگی میں آپ کے لیے ہو نگیں ، خداوند آپ کو اِس جگہ کے لیے رستہ بھی دکھائے گا ۔ ہمیشگی میں دوسری جگہ جہنم ہے ۔ یہ تاریکی اور دُکھ کی جگہ ہے جہاں وہ جو ہیں

جو خداوند یسوع کو رد کرتے ہیں وہ ہمیشہ ہمیشہ کے لیے عذاب میں ہونگے ۔ یہ جگہ ابلیس اور اُس کے فرشتوں کے لیے اُن کے اپنے کردار ، اُن کی بدکاری کی وجہ سے تیار کی گئی ہے جو جہنم کی آگ کو پیدا کرتی ہے (متی 25 : 41)۔ یہاں انسان کا خاتمہ بھی ابلیس کے ساتھ ہی ہوتا ہے ، جب وہ ابلیس کی پیروی کرنے کا انتخاب کرتا ہے ، جب وہ جسمانی اور ذہنی خواہشوں کو پورا کرنے کے لیے ۔۔۔ ہوا کی طاقت کے شہزادے کے مطابق » چلتا ہے (افسیوں 2: 2، 3)۔ «شریر کو اُسی کی بدکاری پکڑے گی اور وہ اپنے ہی گناہ کی رسیوں سے جکڑا جائے گا «

(امثال 5 : 22)۔ جہنم کو « موت » کے طور پر بھی جانا جاتا ہے (مکاشفہ 21: 8) یہ « مزدوری» ہے (رومیوں 6: 23)۔ شہوت پرست ذہن رکھنے والے بننا «موت » ہے (رومیوں 8 : 6)، گناہ آلود خوشیوں میں رہنا « موت» ہے (1 تیمتھیس 5: 6)آپ آہستہ آہستہ موت سے نگلے جانے والے بن رہے ہیں ! خداوند یسوع نیچے آیا اور ہمارے لیے اپنا خون بہایا تاکہ وہ جو اُس پر ایمان رکھتے اور اُسے قبول کرتے ہیں وہ اِس ابدی جانکنی کی جگہ سے بچ سکیں ، اور ابدی زندگی رہ سکیں ۔ وہ راہ ، حق اور زندگی ہے (یوحنا 14 : 6)۔»

جو بیٹے پر ایمان لاتا ہے ہمیشہ کی زندگی اُس کی ہے لیکن جو بیٹے کی نہیں مانتا زندگی کو نہ دیکھے گا بلکہ اُس پر خدا کا غضب رہتا ہے ۔ (یوحنا 3: 36)۔ عزیز پڑھنے والو، اپنے رستوں پر رُک جائیں ۔ اپنے آپ سے پوچھیں کہ : «میں کہاں جا رہا ہوں ؟ موت کے بعد میں کس جگہ پہنچوں گا ؟» آج یہ یقین کر لیں کہ آپ درست سمت کی طرف بڑھ رہے ہیں ۔

دعا:

اے عزیز خداوند یسوع ، میں تُجھے اپنے خداوند اور نجات دہندہ کے طور پر قبول کرتا ہوں ۔ مہربانی سے میرے دل میں آ۔ میرے سب گناہوں کو دھو ڈال اور مجھے آسمان (ابدی زندگی) کے قابل بنا۔ آمین ۔

ایک خاص نوٹ:

یہاں خدا کی ابدی بادشاہت میں بہت سے ریجنز ہیں جو جلال اور خوبصورتی میں فرق کر رہے ہیں ۔